(۲)

نام کتاب : مدینہ منورہ کے تاریخی مقامات

مصنف : امتیاز احمد

ضخامت : 90 صفحات ۔ قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: بکس اینڈ بکس سٹور' کمرشل سنٹر سیٹلائٹ ٹاؤن' راولپنڈی

اس کتاب کے مصنف اعلیٰ تعلیم یافتہ اور دردِ دل رکھنے والے مسلمان ہیں۔ انہوں نے اس کتاب کے علاوہ کئی اور کتابیں بھی لکھی ہیں' جن میں بعض اردو اور بعض انگریزی میں ہیں۔ ان کی انگریزی کتب کے تراجم بھی شائع ہو چکے ہیں۔ ان کی تمام کتابیں نصح و خیر خواہی کا مظہر ہیں۔ مصنف امریکی شہری ہیں اور مدینہ منورہ میں مقیم ہیں۔ اُن کی اہلیہ صوفیہ ڈاکٹر ہیں اور امتیاز احمد صاحب کی طرح وہ بھی اسلامی تعلیمات کی پابند اور مخیّر خاتون ہیں۔ مصنف کی مدینۃ النبیؐ کے ساتھ گہری' جذباتی وابستگی ان کی تحریروں سے عیاں ہے۔

زیر تبصرہ کتاب دراصل دو کتابوں کا مجموعہ ہے۔ (۱) مدینہ منورہ کے تاریخی مقامات' (۲) اہل فکر کے لیے یاددہانی' جو اُن کی انگریزی کتاب Reminders for People of Understanding کا اردو ترجمہ ہے جو ڈاکٹر حافظ سلمان القارس نے کیا ہے۔

کتاب کے پہلے حصے میں مدینہ منورہ کے فضائل اور خلفائے راشدین کے مختصر سے حالاتِ زندگی دیے گئے ہیں' پھر اس مقدس شہر کے تاریخی مقامات کا تذکرہ ہے' ہر مقام کے ساتھ اس مقام کا مختصر تعارف اور محل وقوع بھی بتایا گیا ہے۔ آغاز میں مدینہ منورہ کا نقشہ دیا ہوا ہے جس میں قابل ذکر مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ مسجد نبویؐ کا خاکہ بنا کر اُس کے اندر واقع ابواب' ستونوں' محرابوں' منبر اور بیر حاء کی جگہوں کو واضح کیا گیا ہے۔

کتاب کے دوسرے حصے کا عنوان ہے "اہل فکر کے لیے یاد دہانی"۔ یہ مسلم اُمہ کے لیے مصنف کی نصح و خیر خواہی کا مظہر ہے۔ اس میں انہوں نے مختلف عنوانات کے تحت زندگی کے معمولات میں اسلامی اخلاقی تعلیمات اختیار کرنے پر بڑے مؤثر انداز میں زور دیا ہے۔ چند عنوانات یہ ہیں: اللہ کا ذکر' ملاقات کے آداب' والدین کا ادب و احترام' صدقات کی فضیلت' مسجدوں کا احترام اور سود کا گناہ۔

یہ مختصر سی کتاب بیش قیمت معلومات کا خزانہ اور مصنف کے خلوص کی دلیل ہے۔ جہاں